قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

# الہدیٰ نیوز لیٹر

اکتوبر 2024 تا جنوری 2025، ربیع الثانی تا رجب 1446ھ | شمارہ 27

قرآن وسنت کی تعلیم اور معاشرتی فلاح و بہبود کی سرگرمیوں کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

اخلاص | امانت وصداقت | صبر واستقامت | خیر خواہی | لگن | نظم وضبط | عزت واحترام

## حمد وثناء

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ فِي الْأَرْضِ وَالسَّمَاءِ وَعَدَدَ مَا عَلَا فِي الْهَوَاءِ وَعَدَدَ مَا كُنَّ تَحْتَ الثَّرَى،
لَيْسَ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ إِلَّا مَا قَضَيْتَ وَلَا مِنَ الْخَيْرِ إِلَّا مَا أَعْطَيْتَ.

تمام تعریف اللہ کے لیے ہے اس چیز کی گنتی کے برابر جو کچھ اس نے آسمانوں اور زمین میں پیدا کیا، ان چیزوں کی تعداد کے برابر جو ہوا میں بلند ہیں اور ان چیزوں کی گنتی کے برابر جو زمین کے نیچے چھپی ہیں۔ کسی معاملہ میں ہمارا کوئی اختیار نہیں ہے مگر صرف وہی جس کا تو فیصلہ کر دے اور ہمارے لیے کوئی بھلائی نہیں ہے مگر وہ جو تو عطا کر دے۔

## اخلاص

اخلاص کہتے ہیں اپنی مطلوب ومقصود چیز کے ساتھ کسی اور چیز کی ملاوٹ نہ کرنا، آمیزش کو چھانٹ کر الگ کرنا اور اپنی نیتوں اور ارادوں کو پاک کرنا۔ اخلاص دراصل یہ ہے کہ اپنے کام کو اللہ کے سوا ہر دوسری چیز سے پاک کر لیا جائے، نہ تعریف کی چاہ ہو، نہ کسی انعام کی اور نہ فائدے کی۔ ایسا نہیں ہے کہ فائدہ نہیں ملے گا، فائدے ان گنت ہوں گے لیکن انسان کسی فائدے میں اٹک کر نہ رہ جائے، اپنی منزل کی طرف قدم بڑھاتا چلا جائے۔ ہر کام نیت کو اللہ کے لیے خالص کرتے ہوئے کیا جائے نہ کہ لوگوں سے عزت کا تقاضا ہو۔ ایسا نہیں ہو سکتا کہ آپ اللہ کے دین کو عزت دیں اور آپ کو عزت نہ ملے، آپ اللہ سے محبت کریں اور لوگ آپ سے محبت نہ کریں۔ جتنی سچی محبت آپ اللہ سے کریں گے، اللہ لوگوں کے دلوں کو آپ کے لیے اتنا ہی مسخر کر دے گا۔ آپ کی توجہ کا مرکز لوگ نہیں اللہ تعالیٰ کی ذات ہونی چاہیے۔ اخلاص اختیار کرنے سے لوگوں سے بے نیازی بھی آنے لگتی ہے اور ان سے کوئی لالچ اور توقعات نہیں رہتیں، کیونکہ زیادہ تر مسائل توقعات سے جنم لیتے ہیں اور جب توقعات پوری نہیں ہوتیں تو تعلقات خراب ہوتے ہیں۔

امام ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں ''اللہ کے لیے اخلاص یہ ہے کہ اللہ ہی انسان کا مطلوب ومقصود ہو، اس کی مراد ہو اور جب ایسا ہو جاتا ہے اس وقت اس کے دل سے حکمت کے چشمے پھوٹ پڑتے ہیں جو اس کی زبان پر جاری ہو جاتے ہیں''۔ اسلامی تاریخ میں امت کے علماء، محدثین اور مفسرین کے جتنے نام موجود ہیں انہوں نے بے لوث ہو کر اخلاص سے کام کیا کیونکہ ان کے سامنے آخرت تھی۔ استاد کی شخصیت بھی طالب علموں تک جاتی ہے، اس کا اخلاص بھی منتقل ہوتا ہے اور اندر کی کیفیت بھی۔ اخلاص پیدا کرنے کے لیے ہمیں دعا کے علاوہ اپنی نیت کو چیک کرتے رہنا چاہیے کہ دین کا کام ہم اللہ کا چہرہ چاہنے کے لیے کر رہے ہیں یا کسی انسان کے ڈر کی وجہ سے یا اس سے ملنے والی ستائش کی وجہ سے؟ اس کے علاوہ چھپی نیکیاں کرنا، تنہائی میں اللہ کا ڈر اور محبت کا جذبہ بھی انسان سے بہت کچھ کروا سکتا ہے۔ اللہ کی نگرانی کا احساس ہونا چاہیے۔ ہر کام کو کرتے ہوئے یہ سوچیں کہ میں کیسے کسی کے لیے نفع مند ہو سکتی ہوں۔ کھانا، پانی، کپڑا یہ سب وقتی اور محدود فائدے ہیں۔ لوگوں کو خیر کی بات بتانا، خیر کا پیغام ان تک پہنچانا، یہی اصل فائدہ ہے اور یہ اخلاص ہی سے ممکن ہے۔

حدیث میں آتا ہے: خیر الناس من ینفع الناس لوگوں میں سب سے بہترین وہ ہے جو لوگوں کو نفع دیتا ہے۔

ڈاکٹر فرحت ہاشمی



# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یاربّ

## نئے سال کے آغاز پر پیغام

اللہ تعالیٰ کی بے پایاں مہربانی سے ہم سال 2025 میں داخل ہو چکے ہیں۔ یقیناً آنے والا ہر سال اپنے ساتھ امید کی ایک نئی روشنی لے کر آتا ہے۔اس کے ساتھ ساتھ نئے مواقع اور چیلنجز بھی ہوتے ہیں۔ نئے سال کا آغاز ہمیں یہ موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم اپنی نیتوں کی تجدید کریں، انہیں اپنے رب کے لیے خالص کریں، اپنے مقاصد پر نظر رکھیں اور اپنی کاوشوں کو مزید تقویت دیں۔ الھدیٰ کی بنیاد قرآن وسنت کی تعلیم کو عام کرنے کے عزم پر رکھی گئی ہے اور آج بھی ہمارا ہر قدم اسی مشن کی تکمیل کی طرف بڑھ رہا ہے۔ الھدیٰ ایک ٹیم کا نام ہے اور سب کے تعاون، محنت اور خلوص کے بغیر یہ سفر آگے نہیں چل سکتا۔ آیئے! ہم سب مل کر اس نئے سال میں عہد کریں کہ ہم اخلاص، استقامت اور بہترین اخلاق کے ساتھ اپنی ذمہ داریوں کو نبھائیں گے اور زیادہ سے زیادہ لوگوں تک قرآن مجید کا روشن پیغام پہنچائیں گے۔ یہ سال ہمارے لیے اپنے علم، جذبے اور محنت کے ذریعے ایک نئی مثال قائم کرنے کا موقع ہوگا ان شاء اللہ۔ خوشی ومسرت سے بھرپور ایک اور مہینہ رمضان المبارک بھی ہماری زندگیوں میں قربِ الٰہی کا بہترین موقع لے کر آ رہا ہے۔ آیئے، ہم سب اس عظیم مہینے کو اپنی روحانی تربیت، عبادات اور قرآن سے تعلق کو مضبوط کرنے کے لیے بھرپور طریقے سے استعمال کریں۔ اپنے دلوں کو تقویٰ اور اپنے عمل کو اخلاص کے ساتھ مزین کریں تاکہ ہم اللہ کی رحمت اور مغفرت کے حقدار بن سکیں۔ رمضان کا ہر لمحہ ہمیں اپنے مقصدِ زندگی کی یاددہانی کرواتا ہے کہ ہم دنیا اور آخرت کی بھلائی کے لیے مسلسل کوشش کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس رمضان کو بھرپور ایمان، صبر اور شکر کے ساتھ گزارنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

زبیدہ عزیز (سی ای او)

## ایڈیٹر نوٹ

معزز قارئین، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!


نئے سال کا پہلا شمارہ دعاؤں کے ساتھ پیش نظر ہے رمضان کی آمد آمد ہے اور اس مہینے کے فیوض وبرکات سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لئے الھدیٰ میں اس وقت زیادہ سے زیادہ لوگوں تک قرآن کی روشنی پہنچانے کی تیاریاں جوش وخروش سے جاری ہیں۔ تعلیم وتدریس کے ساتھ ساتھ حسب معمول فلاح وبہبود کی خصوصی سرگرمیاں بھی آپ کے تعاون سے جاری ہیں۔ آپ کے لئے بہت سی اور بھی خوش کن خبریں ہیں۔

استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے تفسیر انچارجز کے لئے ایک تربیتی سیشن لیا جو سب سننے والوں کے لیے بہت مفید ثابت ہوا۔ علاوہ ازیں الھدیٰ کے بہت سے شعبوں میں تربیتی پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔


الھدیٰ ہیڈ آفس میں رابطہ ڈیپارٹمنٹ کی تجدید کی گئی ہے جس کے ذریعے ہم الھدیٰ کے سابقہ اور موجودہ سب ساتھیوں سے رابطہ قائم کر کے اپنے مشن کو مزید فروغ دے سکیں گے اور انہیں اپنی صلاحیتوں سے بھرپور فائدہ اٹھانے کا موقع ملے گا۔

ای لرننگ پر بہت سے نئے پروگرام بھی شروع کیے گئے۔ الھدیٰ ہر اس ذریعہ ابلاغ کو استعمال کرنے کی کوشش کر رہا ہے جس سے عوام الناس کے لئے قرآن وسنت کا علم حاصل کرنا آسان ہو سکے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہم سب کو خلوص نیت سے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کی رہنمائی میں قرآن ہر دل اور ہر ہاتھ تک پہنچانے میں ہماری مدد فرمائے۔ آمین

طاہرہ خان





استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ الھدیٰ کینیڈا انسٹیٹیوٹ سے مسلسل تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:










- تدبر القرآن: جز 19 سورۃ الشعرآء پڑھائی جا رہی ہے۔
- فقہ القلوب: ''فقه الاستقامة'' کا باب پڑھایا جا رہا ہے۔
- ریاض الصالحین: کتاب العلم (1393-1391) پڑھایا جا رہا ہے۔

### معانی القرآن رمضان پروگرام 2025




آیئے اس رمضان میں استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کے ساتھ قرآن مجید کو تلاوت وترجمہ کے ساتھ پڑھنے، سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کے سفر کا آغاز کریں۔

ان تمام لیکچرز کے لیے آپ مندرجہ ذیل لنکس سے استفادہ کر سکتے ہیں:

لنکس برائے استفادہ: https://linktre.ee/DrFarhatHashmi

## محترمہ تیمیہ زبیر صاحبہ کا نائیجیریا الحدیث سینٹر کا دورہ

اللہ تعالیٰ کی خاص عنایت اور فضل کے ساتھ، محترمہ تیمیہ زبیر صاحبہ نے نائیجیریا میں الحدیث سینٹر کا دورہ کیا۔ یہ سب کے لیے ایک بہت ہی جذباتی لمحہ تھا انہوں نے سینکڑوں طلباء سے ملاقات کی۔ دن کے ابتدا میں انہیں ان کے شوہر، بیٹی اور بیٹے کے ساتھ امیر کے محل کا دورہ کروایا گیا اور انہوں نے امیر کے خاندان اور کچھ طلباء کے ساتھ ملاقات کی اور ان کے ساتھ رات کا کھانا کھایا۔ الھدیٰ انٹرنیشنل کے لیے یہ ایک خوبصورت اور بابرکت دن تھا۔



# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب

## اسلام آباد

### تکمیلِ پروگرام

الھدیٰ انسٹیٹیوٹ اسلام آباد میں 26 دسمبر 2024 کو قرآن وحدیث کے سترہ مختلف کورسز کی تکمیل کے موقع پر ایک پُروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کا عنوان "قد افلح من تزکی" تھا۔ تعلیم القرآن، تعلیم الحدیث تعلیم التجوید اور فہم القرآن اردو کورس کی طالبات نے اپنے اپنے تاثرات کا اظہار کیا۔ طالبات نے کورسز کے دوران کی جانے والی سرگرمیاں نہایت مؤثر انداز جیسے سکٹ، پریزنٹیشن اور نظم وغیرہ کی صورت میں پیش کیں۔ اس پُرمسرت موقع پر دو طالبات کا حفظ مکمل ہو۔ طالبات کو استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کا محبت و شفقت سے بھرپور پیغام سنوایا گیا۔ تقریب کے اختتام پر ادارے کی سی ای او زبیدہ عزیز صاحبہ نے طالبات کی حوصلہ افزائی کی اور ہمیشہ قرآن وحدیث سے جڑے رہنے کی نصیحت کی۔

### تربیتی پروگرام برائے تفسیر انچارجز

استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے براہ راست قرآن مجید کو سمجھنے، عمل کرنے اور آگے پھیلانے کے لئے تفسیر انچارجز کے ساتھ ایک تربیتی سیشن لیا۔ یہ تربیتی پروگرام الھدیٰ انٹرنیشنل کی تفسیر انچارجز کو ان کے فرائض اور ذمہ داریوں کے بارے میں رہنمائی فراہم کرنے کے لیے منعقد کیا گیا تھا۔

**اہم نکات:** تعلیمی سال کے اختتام پر نئے سال کی منصوبہ بندی، علم سکھانے کے فوائد، تفسیر انچارج کی ذمہ داریاں، تفسیر کے لیے تربیتی نکات، لوگوں کو قرآن فہمی کے مزید مواقع فراہم کرنا، سوشل میڈیا پر قرآن فہمی کا فروغ۔

### رابطہ ڈیپارٹمنٹ تشکیل نو

الھدیٰ ہیڈ آفس کے شعبہ رابطہ ڈیپارٹمنٹ کی تشکیل نو کی گئی ہے۔ یہ شعبہ الھدیٰ کی موجودہ طالبات وسٹاف اور فارغ التحصیل طالبات کے ساتھ بھی رابطہ بحال کرنے کا ذریعہ بنے گا۔ اس طرح ہم سب مل کر الھدیٰ کے وژن اور مشن کو آگے بڑھانے میں فعال کردار ادا کر سکیں گے۔ یہ ڈیپارٹمنٹ الھدیٰ اور معاشرے کے درمیان رابطہ کا کام بھی کرے گا۔

رابطہ کیلئے 03302281228

## نارتھ ریجن

### ناظرہ قرآن مجید کلاسز کا آغاز

ابلاغ دین کے تحت اسلام آباد ماڈل کالج برائے گرلز بھارا کہو میں ناظرہ کلاسز شروع کی گئی ہیں۔ اسکول کے 1340 بچوں کو الھدیٰ کی جانب سے قرآنی قاعدے فراہم کئے گئے۔ طلبہ اور اساتذہ بہت خوش تھے اور تجوید کے ساتھ قاعدہ سیکھنے کے لئے پُرعزم تھے۔

### ہری پور برانچ کا دورہ

الھدیٰ ریجنز آفس کی پانچ رکنی ٹیم نے ہری پور برانچ کا دورہ کیا اور برانچ کی بہتری کے لئے مستقبل کی منصوبہ بندی کی گئی۔ آن لائن گرامر کلاس کا بھی آغاز کر دیا گیا اور اضافی مضامین بھی متعارف کرائے گئے ہیں، جن میں اخلاق وآداب، نماز، اور اقراء کی کتابیں شامل ہیں۔

### تربیتی سیشنز

14 دسمبر کو نارتھ ریجن نے الھدیٰ کی فارغ التحصیل طالبات کے لیے تین تربیتی سیشنز کا انتظام کیا۔ ڈاکٹر کنول قیصر نے Enhancing Communication and effectively managing Challenges کے موضوع پر سیشن لیا۔ یاسمین خاکوانی صاحبہ نے مسلم ہیروز سبجیکٹ پڑھانے کے بارے میں رہنمائی دی۔ شہلا سحر نے تعلیمی اداروں میں دینی تعلیم وتربیت کے لیے سلیبس اور طریقہ کار کے بارے میں رہنمائی دی۔

## لاہور ریجن

### ورک شاپ میں شرکت

8 نومبر 2024 کو گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین چونگ لاہور نے پاکستان سائیکالوجیکل ایسوسی ایشن کے تعاون سے ورکشاپس کا اہتمام کیا۔ "ورک پلیس اسٹریس مینجمنٹ" پر گفتگو کی، جس میں ذہنی دباؤ کو کم کرنے اور ایک صحت مند کام کے ماحول کو فروغ دینے کے بارے میں اہم معلومات فراہم کی گئیں۔ اس موقع پر ڈاکٹر فریحہ میلا نے "پرمہ ماڈل" کو اسلامی تناظر میں پیش کیا۔ دونوں سیشنز بہت ہی علمی اور انٹرایکٹو تھے۔

### دیگر تعلیمی سرگرمیاں

لاہور ریجن میں صوت القرآن کورس انچارجز کے لیے ترتیل کورس شروع کروایا گیا جس میں تقریباً ڈیڑھ سو انچارجز نے داخلہ لیا ہے۔ لاہور ریجن نے دورہ قرآن پروگرام سے قبل تمام برانچز اور صوت القرآن کلاسز میں فارغ التحصیل طالبات کے لیے "میٹ اینڈ گریٹ" سیشنز منعقد کیے۔ ان سیشنز میں رمضان پروگرام سے متعلق سرگرمیاں متعارف کروائی گئیں۔ ای لرننگ پروگرام کے تحت 3 نئے کورسز کا آغاز ہوا جن میں سرفہرست تدبر القرآن جز 30 پارٹ 1 ہے جو لاہور ریجن کا پہلا تدبر کورس ہے۔ لاہور ریجن میں پہلی بار صحیح البخاری انگلش کورس کا حصہ اول کروایا گیا۔

## کے پی کے ریجن

### صوت القرآن کلاس کا آغاز

پشاور میں انگریزی زبان میں صوت القران کی کلاس کا آغاز ہوا۔ چارسدہ گاؤں میں بھی صوت القران (اردو) کی کلاس کا آغاز ہوا۔

## کراچی ریجن

### کراچی ریجن کانووکیشن

30 جنوری 2025 کو کانووکیشن تقریب کا اہتمام کیا گیا۔

جس کا تھیم "قولو اللناس حسنا" تھا۔

کورس مکمل کرنے والی طالبات نے بہت ایمان افروز تاثرات کا اظہار کیا اور مختلف سکٹس پیش کئے۔ اس سال کے اکیڈیمک اور فلاحی کاموں کی وڈیوز بھی دکھائی گئیں۔ استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کی خوبصورت نصیحتوں پر مشتمل آڈیو سنوائی گئی جس میں انہوں نے تمام طالبات کو قرآن جیسی قیمتی نعمت کے حاصل کرنے کی خوشی پر مبارکباد دی اور علم اور حکمت کی اہمیت اور فضیلت پر روشنی ڈالی اور اللہ کے لئے اخلاص، خشیت قلب، اور لوگوں کے ساتھ معاملات میں نرمی، رحمدلی اور محبت و احترام اور اچھے اخلاق کی اہمیت پر زور دیا۔

### رمضان تربیتی سیشن 2025

رمضان المبارک کی برکتوں سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لیے دسمبر 2024 میں ریجنز ڈیپارٹمنٹ اور شعبہ نگرانی اور جائزہ کے تحت، الھدیٰ کے ملکی اور بین الاقوامی اسپیکرز کے لیے دو "رمضان تربیتی سیشنز" کا انعقاد بذریعہ زوم ویبینار کیا گیا۔

### غسل میت ٹریننگ

یکم دسمبر 2024 کو الھدیٰ بحرین میں غسلِ میت ٹریننگ کا اہتمام کیا گیا جس میں پاکستان، انڈیا، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ اور برطانیہ سے بہت سے لوگ آن لائن بذریعہ زوم اور فیس بک ٹریننگ میں شامل ہوئے۔ اس کے علاوہ الھدیٰ کے ہر ریجن میں غسل میت کی ٹریننگز کا سلسلہ جاری ہے جس سے بہت سے لوگ غسل کے مسنون طریقے سے آگاہی حاصل کر رہے ہیں۔

## حیدرآباد ریجن

### اقرا کورس ٹریننگ

اقرا کورس کا چھ روزہ تربیتی پروگرام "Sharing Wonders"، تنظیم کی مساجد کے 10 امام اور ان کے معاونین کے لیے بدین شہر میں منعقد کیا گیا۔ کورس کے شرکاء کو تجوید سے پڑھنے کی مشق اور تدریس کے مختلف طریقے بتائے گئے۔ جس میں انھوں نے کلاس میں عملی سرگرمیوں کے ذریعہ چھوٹے گروپ میں پڑھانا، اصلاح کرنا اور، دعائیں پڑھانے کا طریقہ سکھایا گیا۔

# خدمتِ خلق

Al-Huda Cares!

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جس نے کسی مومن کی دنیا کی پریشانیوں میں سے کوئی پریشانی دور کر دی، اللہ تعالیٰ بروز قیامت اس کی پریشانیوں میں سے ایک پریشانی دور کر دے گا۔ جس نے کسی تنگ دست پر آسانی کی، اللہ اس پر دنیا و آخرت میں آسانی کرے گا...“۔ [صحیح مسلم]

## خدمتِ خلق سروسز

| ماہانہ راشن | تعلیمی امداد | مالی امداد | قرض حسنہ |
|---|---|---|---|
| 4309 پیکس | 562 افراد مستفیض ہوئے | 308 افراد مستفیض ہوئے | 4 افراد مستفیض ہوئے |

| ٹریننگ غسل میت | غسل میت + فری کفن | ووکیشنل سنٹر | میرج بیورو |
|---|---|---|---|
| 4684 ٹریننگز | 282 میت + 250 | 8 مقامات | 1241 رشتے طے ہوئے |

| امداد برائے روزگار | میڈیکل کیمپس | طبی امداد | امداد برائے شادی |
|---|---|---|---|
| 12 افراد مستفیض ہوئے | 39 مقامات | 166 افراد مستفیض ہوئے | 44 افراد مستفیض ہوئے |

## خدمتِ خلق پروجیکٹس

| ایمرجنسی ریلیف | شجرکاری | الہدیٰ دسترخوان | فراہمی آب | سردی سے بچاؤ |
|---|---|---|---|---|
| 42400 افراد مستفیض ہوئے | 1500 درخت اگائے | 4684 افراد مستفیض ہوئے | 26643 افراد مستفیض ہوئے | 3240 |






## Bank Details

**A/C Title:** Al-Huda International Welfare Foundation

A/C # 0104783594 (Rupee)

**IBAN AC #** PK13MEZN0003160104783594

**Branch Code:** 0316, **Swift Code:** MEZNPKKAGRD

Meezan Bank Ltd,

E-11 branch Islamabad

***Donate online***

https://www.alhudapk.com/donate.html

# خدمت خلق

Al-Huda Cares!

## لاہور ریجن

### فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد

ماہ اکتوبر تا دسمبر لاہور ریجن کو سموگ اور بڑھتی ہوئی ماحولیاتی آلودگی کے باعث صحت کے حوالے سے چیلنجز کا سامنا رہا 21 فری میڈیکل کیمپس لگائے جا چکے ہیں جن سے تقریبا 1909 مستحقین مستفیض ہو چکے ہیں۔



### صحت آگہی مہم

ماہ اکتوبر اور نومبر میں ڈینگی بخار کے تیز پھیلاؤ کے پیش نظر برانچز میں ڈینگی آگہی مہم شروع کی گئی اور 12 سے زائد سیشنز کروائے گئے۔





## نارتھ ریجن

### گرم کپڑوں کی تقسیم

موسم سرما میں نارتھ ریجن کے مختلف علاقوں میں 194 گرم کپڑوں کے بیگ تقسیم کیے گئے۔



## حیدرآباد ریجن

### فراہمی آب

تھرپارکر، سندھ کے گاوں جتزار، چھاچھرو میں ایک سمرسیبل پمپ (Submersible pump) لگایا گیا جو 320 فٹ کی گہرائی پر ہے اور سولر سے چلتا ہے اس سے علاقے کے 300 سے زائد افراد پانی حاصل کر سکیں گے۔ جانوروں کے لیے بھی الگ انتظام کیا گیا ہے۔





### میڈیکل کیمپ اور صحت آگاہی پروگرام

حیدرآباد ہالا ناکہ میں میڈیکل کیمپ لگایا گیا جس کے ساتھ صحت آگاہی پروگرام کے تحت خواتین میں طہارت اور پاکیزگی اور بیماریوں سے بچاؤ کے بارے میں آگاہی دی گئی۔



### الہدیٰ دسترخوان اور آگاہی پروگرام

دارالامان قاسم آباد فیز 2 حیدرآباد دارالامان کی خواتین سے ”فکر آخرت اور دنیا میں پریشانیوں اور مشکلات کا حل کیسے تلاش کریں“ کے موضوع پر بات کی گئی ان کو کھانا کھلایا گیا اب یہاں ایک کلاس بھی شروع کر دی گئی ہے۔



## کے پی کے ریجن

### گلونہ یتیم خانہ کے بچوں کی نمایاں کامیابی

گلونہ یتیم خانہ کے بچوں نے سکول کے امتحانوں میں نمایاں پوزیشنز حاصل کیں۔



### جیل کی خواتین کی تعلیم و تربیت

سنٹرل جیل پشاور میں خواتین میں قرآن فہمی اور حفظ شروع کروایا گیا۔ اس کے علاوہ دعائیں، نماز کی درستگی کروائی گئی۔ طہارت کی کتاب پڑھائی گئی اور سیرہ کورس بھی کروایا گیا۔




### ووکیشنل سینٹرز کا آغاز

مختلف مقامات پر تین نئے ووکیشنل سینٹرز کا آغاز کیا گیا۔

### گرم کپڑوں کی تقسیم

موسم سرما میں 350 خاندانوں میں سردی سے بچاؤ مہم کے تحت مستحقین میں گرم کپڑے اور لحاف تقسیم کیے گئے۔



# سٹوڈنٹس کارنر

## امام مسلمؒ کے حالاتِ زندگی

**نام ونسب:**

امام مسلمؒ کا پورا نام ابوالحسین مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیری بن دروین تھا۔ ابوالحسین آپ کی کنیت اور عساکرالدین لقب تھا۔ آپ کا تعلق عرب کے مشہور قبیلہ بنوقشیر سے تھا اور خراسان کا شہر نیشاپور آپ کا وطن تھا۔ آپؒ ۲۰۳ھ یا ۲۰۶ھ میں (باختلاف اقوال) پیدا ہوئے، اکثر علماء اور مؤرخین کی تحقیقات کے مطابق آپؒ کا سن ولادت ۲۰۶ھ زیادہ معتبر ہے۔

**علمی سفر:**

ابتدائی تعلیم آپ نے نیشاپور سے حاصل کی۔ آپؒ کو اللہ تعالیٰ نے غیر معمولی ذہانت اور قوت حافظہ سے نوازا تھا۔ بہت تھوڑے عرصے میں آپ نے رسمی علوم وفنون حاصل کر لیے اور پھر احادیثِ نبوی ﷺ کی تعلیم وتحصیل کی جانب توجہ فرمائی۔

اٹھارہ برس کی عمر میں سب سے پہلے حدیث کا سماع یحییٰ بن یحییٰ تمیمیؒ سے کیا۔ ۲۲۰ھ میں حج کیا اور مکہ میں امام مالکؒ کے شاگرد عبداللہ بن مسلمہ قعنبی سے احادیث سنیں اور لکھیں۔ کوفہ میں انہوں نے احمد بن یونس کے علاوہ علماء کی ایک جماعت سے، پھر حرمین عراق اور مصر کے تقریباً دوسوبیس اساتذہ سے احادیث حاصل کیں۔ حصول حدیث کا طریقہ یہی تھا کہ احادیث مع اسناد سنی اور لکھی جاتی تھیں۔

**فضل وکمال:**

امام مسلمؒ نے علمی میدان میں قابلِ قدر خدمات سرانجام دیں، یہی وجہ ہے کہ آپؒ نے اپنے وقت کے بڑے بڑے علماء کرام اور محدثین کی نظر میں بلند مقام حاصل کیا۔

آپؒ کے استاد امام محمد بن عبدالوہابؒ فرماتے ہیں:

امام مسلم لوگوں میں سے سب سے بڑے عالم اور علم کے محافظ تھے اور میں نے ان میں خیر کے سوا اور کچھ نہیں پایا۔

اسحاق بن راہویہؒ فرماتے ہیں:

جب تک اللہ تعالیٰ آپ کو مسلمانوں کے لیے زندہ رکھے گا، بھلائی ہمارے ہاتھ سے نہیں جانے پائے گی۔

**اساتذہ کرام:**

آپؒ کے اہم اساتذہ میں امام احمد بن حنبل، احمد بن منذر قزاز، اسحاق بن راہویہ، ابراہیم بن سعید جوہری، ابراہیم بن موسیٰ، ابواسحاق رازی، احمد بن ابراہیم، اسحاق بن موسیٰ انصاری (ابوموسیٰ)، اسماعیل بن ابی اویس، حرملہ بن یحییٰ، حسن بن ربیع بورانی، ابوبکر بن ابی شیبہ، یعقوب بن ابراہیم دورقی، ابوزرعہ رازی اور یحییٰ بن معین (رحمہم اللہ) جیسے حفاظ حدیث شامل ہیں۔

**مشہور تصنیفات:**

امام مسلمؒ کی سب سے مشہور ومعروف کتاب صحیح مسلم ہے جسے احادیث کی باقی کتب میں امتیازی حیثیت حاصل ہے اس کے علاوہ بھی آپؒ نے متعدد تصانیف لکھیں جن میں سے اہم یہ ہیں:

كتاب الطبقات، كتاب طبقات التابعين، كتاب حديث عمرو بن شعيب، كتاب المسند الكبير على الرجال، كتاب الجامع على الأبواب، كتاب التميز، كتاب العلل، كتاب الانتفاع باهب السباع، كتاب المخضرمين.

**وفات:**

امام مسلمؒ اکثر وبیشتر علم حدیث ہی کی تحقیق وتدریس میں مشغول رہتے تھے احمد بن سلمہؒ روایت کرتے ہیں: امام مسلم رحمہ اللہ سے استفادہ حاصل کرنے کے لیے ایک مجلس مذاکرہ منعقد کی گئی، اس میں ان کے سامنے ایک ایسی روایت کا ذکر آیا جو ان کو معلوم نہ تھی۔ گھر واپس آئے تو چراغ جلایا اور گھر والوں سے کہا کہ ان کے کمرے میں کوئی نہ آئے۔ گھر والوں نے بتایا کہ گھر میں کھجور کا ایک ٹوکرا ہدیہ بھیجا گیا ہے فرمایا: لے آؤ۔ وہ حدیث کی تلاش میں منہمک ہو گئے ٹوکرا ساتھ رکھا تھا، بے خیالی کے عالم میں ٹوکرے سے کھجور کا ایک ایک دانہ اٹھا کر منہ میں ڈالتے رہے، اسی عالم میں صبح ہو گئی۔ انہیں حدیث کی تفصیلات مل گئیں ادھر ٹوکرا خالی ہو گیا۔ کہا جاتا ہے اسی وجہ سے ان کی طبیعت بگڑ گئی اور علم وعرفان کا یہ سورج ہمیشہ کے لیے غروب ہو گیا۔ امام مسلم رحمہ اللہ نے 24 رجب 261ھ کو اتوار کی شام وفات پائی، اگلے روز نیشاپور میں تدفین ہوئی۔ اللہ تعالیٰ ان پر اپنی رحمت کی برکھا برسائے آمین

## روزے کے روحانی اور جسمانی فوائد

اللہ تعالیٰ نے رمضان کے روزے مسلمانوں پر فرض کئے ہیں اور اس کا مقصد تقویٰ کا حصول ہے۔ اس کے ساتھ بہت سے روحانی اور جسمانی فوائد بھی حاصل ہوتے ہیں۔

### روحانی فوائد

روزہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ روحانی تعلق کو بڑھاتا اور مضبوط کرتا ہے۔ اس سے نفس کا تزکیہ ہوتا ہے اور دل نرم ہوتا ہے۔

- روزہ محاسبہ کرنے کی صلاحیت کو پیدا کر کے انسان کو عاجزی اور خود آگاہی سے روشناس کراتا ہے۔
- روزہ دوسروں کے لیے ہمدردی کے جذبات پیدا کرتا ہے۔
- روزہ اللہ کی نعمتوں کی قدر کرنے کی ترغیب دیتا ہے اور شکر کا جذبہ بڑھاتا ہے۔
- روزہ قربانی کی سطح پر جینا سکھاتا ہے۔

### جسمانی فوائد

- روزہ سوچنے سمجھنے کی صلاحیت کو بڑھانے میں مدد دیتا ہے۔
- روزہ وزن کو کم کرنے میں مدد دیتا ہے۔
- روزہ رکھنے سے جسم سے زہریلے مادے خارج ہو جاتے ہیں جس سے بیماریوں کے خطرات کم ہو جاتے ہیں۔
- روزہ انسولین کی حساسیت کو بہتر کر کے ٹائپ 2 ذیابیطس کے خطرے کو کم کرتا ہے۔
- روزہ قوت مدافعت کو بڑھا کر بیماریوں سے بچانے میں مدد دیتا ہے۔
- روزہ سے جسم میں اینٹی انفلامیٹری (Anti inflammatory) خاصیت پیدا ہوتی ہے جس سے دائمی بیماریوں (chronic diseases) کے خطرہ کو کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔
- روزہ سے جسم میں بیماری کے جراثیم اور نقصان دہ خلیات کو ختم کرنے کی صلاحیت (Autophagy) پیدا ہوتی ہے۔

# عکس ماضی 2024

## استاذہ محترمہ کا دورۂ پاکستان




15 اپریل 2024 کو استاذہ محترمہ پاکستان تشریف لائیں اور قرآن ہر ہاتھ اور ہر دل تک پہنچانے کے لئے ان کی سر براہی میں کاروان علم اسلام آباد سے ہر چھوٹے بڑے شہر میں قرآن کی روشنی سے دلوں کو منور کرتا ہوا روانہ ہوا۔ دوران سفر کراچی سے خیبر تک جگہ جگہ نہ صرف الہدیٰ کی برانچز بلکہ مختلف یونیورسٹیز، کالجز اور دیگر اداروں میں دروس کا سلسلہ چلتا رہا جن کو بہت پذیرائی ملی اور ایک بہت بڑی تعداد میں لوگ مستفیض ہوئے۔



## رمضان پروگرام

لائیو دورہ قرآن:

(کراچی، خیبر پختونخواہ، حیدر آباد، لاہور، ملتان اور نارتھ ریجن)

2003 سے زائد مقامات

آن لائن زوم ٹرانسمیشن:

64۔ لائیو اور ریکارڈڈ (لیکچرز)

## علمی دورہ مغربی کینیڈا




28 جون تا 14 جولائی 2024ء کے دوران استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے ڈاکٹر ادریس زبیر صاحب کے ہمراہ مغربی کینیڈا کے مختلف شہروں اور مقامات کا علمی دورہ کیا۔ درس و تدریس اور تربیت پر مبنی ان معلوماتی سیشنز سے بڑی تعداد میں لوگ مستفیض ہوئے۔





## معزز مہمانوں کی الہدیٰ آمد

گرین لین مسجد UK کے امام وخطیب محترم ڈاکٹر احسن حنیف حفظہ اللہ الہدیٰ اسلام آباد تشریف لائے اور طلباء کو نہایت ایمان افروز درس دیا۔

الہدیٰ کینیڈا کی مسجد کے محترم امام عبدالرحمٰن عتیق صاحب الہدیٰ اسلام آباد تشریف لائے، خطبہ جمعہ دیا اور نماز بھی پڑھائی۔

## الہدیٰ کے انتظامی ڈھانچے کی تکمیل نو

ہیڈ آفس کی زیر نگرانی استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کی رہنمائی میں الہدیٰ کے شعبہ جات کے تنظیمی ڈھانچے میں ردو بدل اور ریجنل سٹاف میٹنگز کا انعقاد کیا گیا ان میٹنگز کی روشنی میں پالیسیز پر نظر ثانی اور سب ریجنز کے کام کے طریقہ کار کو بہتر بنانے کے لائحہ عمل کو حتمی شکل دی گئی۔ نیز الہدیٰ ہیڈ آفس کے سینیئر اسٹاف کی ذمہ داریوں میں ضرورت کے مطابق تبدیلیاں بھی کی گئیں۔

## صحیح بخاری کے کورس کی تکمیل




4 مئی 2024 کو الہدیٰ اسلام آباد میں بالآخر چھبیس سال بعد استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کی موجودگی میں صحیح بخاری کی تکمیل ہوئی یہ ایک ایمان افروز اجتماع تھا جس میں پاکستان کے علاوہ دوسرے ملکوں سے آنے والے الہدیٰ کے لوگ بھی شریک ہوئے۔ اس دوران پڑھنے والوں نے احادیث کے علم سے حاصل کردہ مؤثر تاثرات بیان کئے جس سے بخاری شریف کو پڑھنے کے شوق میں مزید اضافہ ہوا۔

## ٹریننگز اور ورکشاپس

الہدیٰ ہیڈ آفس سمیت مختلف ریجنز میں کام کی کارکردگی کو بہتر بنانے اور ذمہ داریوں کو سمجھنے کے لیے سٹاف ٹریننگز اور ورکشاپس کا اہتمام کیا گیا۔



# عکس ماضی 2024









### قیدیوں کی فلاح وبہبود


2024 سینٹرل جیل پشاور میں خواتین قیدیوں کو مختلف موضوعات پر دروس کا اہتمام کیا گیا۔ مستقبل میں جیل میں لائبریری، نماز سکھانے، پودے اور سبزیاں لگانے کی تربیت اور مختلف مہارتیں سکھانے کے لیے پلاننگ کی گئی۔

### بارش اور سیلاب متاثرین کی امداد

بلوچستان میں شدید بارشوں اور ہواؤں سے متاثرہ علاقوں میں خیبر پختونخواہ کی ٹیم نے راستے بحال کروائے اور ایمرجنسی ریلیف کے ذریعے مدد فراہم کی۔ اندرونِ سندھ کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں حیدرآباد ٹیم نے مجموعی طور پر 100 گھروں کی چھتوں کے لیے سامان تقسیم کیا۔

# ابلاغِ دین

## کتاب پر تبصرہ




### اخلاق حملة القرآن

''اخلاق حملةِ القرآن'' امام ابوبکر محمد بن الحسین الآجری ؒ [متوفی 360ھ] کی جامع اور خوبصورت کتاب ہے۔ حاملین قرآن کو عام طور پر جن آداب و اخلاق سے آراستہ ہونے کی ضرورت ہے اس کتاب میں نہ صرف ان کا ذکر ہے بلکہ درس و تدریس اور تلاوت قرآن کے لئے جن خاص آداب و اخلاق سے اہل قرآن کو مزین ہونا چاہیے وہ بھی بیان کیے گئے ہیں۔

اس کتاب کے پانچ نسخے شائع ہوئے ہیں جن میں سے سب سے محقق اور قابل اعتماد نسخہ ڈاکٹر غانم قدوری ؒ کا ہے۔جس کی طباعت 1429ھ میں دار عمار، اردن نے کی۔ استفادہ عام کے لیے ''اخلاق حملةِ القرآن'' کو خالد بن عثمان السبت نے مختصر کتاب کی صورت دی۔ جس کو 1438ھ میں دار ابن جوزی، ریاض نے شائع کیا ہے۔ خالد بن عثمان السبت نے ''مختصر اخلاق حملة القرآن'' کے لئے ڈاکٹر غانم قدوری ؒ کے نسخے پر اعتماد کیا ہے۔


خالد بن عثمان السبت نے اخلاق حملة القرآن کو مختصر کرتے ہوئے اسانید، تکرار اور ضعیف احادیث کو حذف کر دیا ہے۔ احادیث کی تخریج اور ان پر علما کے احکام بھی نقل کئے ہیں۔ اس کے علاوہ باقی تمام عبارت کو اسی طرح بیان کیا ہے جس طرح مؤلف نے اصل کتاب میں بیان کیا ہے۔ اس کتاب سے بہترین استفادہ کرنے کے لیے استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کی آڈیوز بھی موجود ہیں۔

## الھدیٰ پبلی کیشنز کی نئی مطبوعات
















## اناللہ وانا الیہ راجعون

خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہوگئیں

- ہماری بہت پیاری اور مخلص ساتھی شاہین احمد اس دار فانی سے رخصت ہوگئیں ۔ افکار میں سنجیدگی، مزاج میں مٹھاس، گفتگو میں انکساری اور خیالات کے اظہار میں عاجزی اور مزید بہت کچھ کرنے کی تڑپ رکھنے والی تھیں، ان کی باتیں، خیالات، ارادے اور تحریریں اچھوتے انداز سے تقویٰ اور اللہ کی محبت میں ڈوبی ہوئی تھیں ۔ استاذہ کی اسلام آباد آمد اور ان کی کلاس میں شاہین صاحبہ کی موجودگی لازم ملزوم تھی۔ ہمیشہ مسکراتے ہوئے چہرے کے ساتھ قدرتی اور مؤثر انداز سے تاثرات دینا، موضوع میں سے کوئی اچھوتا خیال پیش کرنا ان کی خصوصیات میں شامل تھا۔ انھوں نے اپنے بلاگ پر my story کے نام سے اپنی الھدیٰ سے جڑنے کی کہانی کو بہت مؤثر اور دلچسپ انداز میں لکھا ہے جو پڑھنے والوں کو بہت متاثر کرتا ہے۔ ان کا آخری آرٹیکل Blessing and Tests تھا۔ وہ سب کے لیے ایک مثال ہیں۔
- الھدیٰ کراچی فرسٹ بیچ سے فارغ التحصیل ہماری ساتھی سیما صدیقی قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں۔ وہ ہمیشہ نیکی کے کام اور خدمت خلق کے لئے کوشاں رہیں۔

اللہ تعالیٰ ان دونوں کی حسنات کو قبول فرمائیں اور ان کے درجات بلند کریں۔ آمین

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
اسلام آباد: 7-اے کے بروہی روڈ H-11/4
فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com
کراچی: 59E خیابانِ سحر، فیز 6، ڈی ایچ اے | فون: 8-35171136 21 92+
ای میل: reg.office.khi@alhudapk.com
www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com

ایڈیٹوریل ٹیم
سرپرست اعلیٰ: ڈاکٹر فرحت ہاشمی　مینیجنگ ایڈیٹر: ڈاکٹر فردوس روحی
ایڈیٹر: طاہرہ خان　گرافک ڈیزائنر اینڈ کمپوزر: مریم مظہر
پروف ریڈرز: رفقہ اصغر، زبیدہ عزیز، یاسمین خاکوانی، فرخ چوہدری، عصمت خاتون